# اسلامیات

فرسٹ ٹرم نوٹس

(معروضی)

کلاس پنجم

ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج قصور

**Prepared By:.**

حافظ محمد رمضان اظہر

(ٹیچر اسلامیات بوائز ونگ)

ایم ۔ اے بی ایڈ

(نظر ثانی)

حافظ عبد الرؤف H.O.D

ٹیچر اسلامیات بوائز ونگ

(ایم ۔ اے بی ایڈ)

# باب دوم

# ایمانیات اور عبادات

## (الف)

## دنیا آخرت کی کھیتی ہے

**2۔** درست جواب پر ( ✔ ) کا نشان لگائیں

**ا۔ قیامت کے روز کن لوگوں کو جنت میں داخل کیا جائے گا؟**

(i) کافروں کو ✔ (ii) مسلمانوں کو

(iii) منافقوں کو (iV) مشرکوں کو

**ب۔ قیامت کے روز کون صور پھونکے گا؟**

(i) حضرت جبرائیل علیہ اسلام (ii) حضرت عزرائیل علیہ اسلام

(iii) حضرت میکائیل علیہ اسلام ✔ (iv) حضرت اسرافیل علیہ اسلام

**ج۔ اللہ تعالیٰ نے دُنیا کی زندگی کس لیے بنائی ہے؟**

✔ (i) آخرت کی تیاری کے لیے (ii) عیش و عشرت کے لیے

(iii) کھیل کود کے لیے (iv) محنت و مشقت کے لیے

**د۔ انسان کے اعمال لکھنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے کتنے فرشتے مقرر کیے ہیں؟**

✔ (i) دو (ii) تین

(iii) چار (iv) پانچ

**ہ۔ مشہور قول میں دنیا کی مثال کس چیز سے دی گئی ہے؟**

(i) کارخانے سے ✔ (ii) کھیتی سے

(iii) بازار سے (iV) مجلس سے

{______________________}

**3۔ خالی جگہ پُر کریں۔**

(i) حضرت اسرائیل علیہ اسلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے صور پھونکیں گے۔

(ii) معزز فرشتے انسان کی نیکیاں اور بُرائیاں اعمال نامے میں درج کرتے ہیں۔

(iii) ان اعمال ناموں میں موجود اعمال کا وزن کیا جائے گا۔

(iv) دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

(v) قیامت کے روز تمام انسان اللہ تعالیٰ کے حکم سے دوبارہ زندہ کیے جائیں گے۔

{______________________}

**4۔ درست جملوں کے سامنے ( ✓ ) اور غلط کے سامنے ( ✗ ) کا نشان لگائیں۔**

| | | درست | غلط |
|---|---|---|---|
| (i) | قیامت کے دن پہاڑ روئی کی طرح اُڑیں گے۔ | ✓ | |
| (ii) | آخرت کے روز حضرت میکائیل علیہ اسلام اللہ کے حکم سے صور پھونکیں گے۔ | | ✗ |
| (iii) | دوزخ انتہائی تکلیف دہ جگہ ہے۔ | ✓ | |
| (iv) | دُنیا کی زندگی ہمیشہ کے لیے ہے۔ | | ✗ |
| (v) | جس نے دُنیا میں نیک کام کیے اُسے جنت میں داخل کیا جائے گا۔ | ✓ | |

{________________}

# (ج)

# سنتِ نبوی کی اہمیت

**2۔ درست جواب پر ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔**

**ا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا پیغام رسول کریمؐ تک پہنچایا۔**

(i) حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کے ذریعے (ii) حضرت موسیٰؑ کے ذریعے

✓ (iii) وحی کے ذریعے (iv) جنات کے ذریعے

**ب۔ کس مہینے کے روزے فرض ہیں؟**

(i) شعبان ✓ (ii) رمضان

(iii) شوال (iv) ذی الحج

**ج۔ سنت کے کیا معنی ہیں؟**

✓ (i) طریقہ (ii) گھر

(iii) کامیابی (iv) فضیلت

**د۔ حج کی ادائیگی کی تفصیل ہمیں کہاں سے ملتی ہے؟**

(i) زیور سے ✓ (ii) سنت نبویؐ سے

(iii) قرآن مجید سے (iv) تورات سے

**ہ۔ ہم سنت نبویؐ پر عمل کرنے سے کامیاب ہوں گے۔**

(i) دنیا میں (ii) برزخ میں

(iii) آخرت میں ✓ (iv) دُنیا اور آخرت میں

{________________}

**3۔ خالی جگہ پُر کریں۔**

(i) اللہ نے **وحی** کے ذریعے اپنا پیغام رسول اللہؐ تک پہنچایا۔

(ii) ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت **نماز** کی ہے۔

(iii) آپؐ نے جو کام کرنے کا حکم اس پر **عمل** کر کے بھی دکھایا۔

(iv) حج اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔

(v) روزے کے مسائل اور احکام کی وضاحت کے لیے ہمیں سنت نبویؐ کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

{_______________}

**4۔ درست جملوں کے سامنے (✔) اور غلط کے سامنے (✘) کا نشان لگائیں۔**

| | | درست | غلط |
|---|---|---|---|
| (i) | اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمدؐ ہیں۔ | ✔ | |
| (ii) | اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ پر قرآن مجید نازل فرمایا۔ | | ✘ |
| (iii) | نبی اکرمؐ اپنی خواہش سے کوئی بات نہیں کہتے۔ | ✔ | |
| (iv) | صحابہ کرامؓ زندگی کے ہر معاملے میں نبی کریمؐ کی پیروی کرتے تھے۔ | ✔ | |
| (v) | ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت حج کی ہے۔ | | ✘ |

{_______________}

# (د)

## جمعہ و عیدین:۔

## تعارف اور معاشرتی اہمیت

**2۔ درست جواب پر (✔) کا نشان لگائیں۔**

**ا۔ نماز جمعہ کس وقت ادا کی جاتی ہے؟**

(i) فجر کے وقت
✔ (ii) ظہر کے وقت
(iii) عصر کے وقت
(iv) مغرب اور عشاء کے درمیان

**ب۔ نماز جمعہ میں کتنی فرض رکعات ہوتی ہیں؟**

✔ (i) دو
(ii) تین
(iii) چار
(iv) چھ

**ج۔ نماز جمعہ کی ادائیگی سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔**

(i) تین دن کے
✔ (ii) ہفتہ بھر کے
(iii) مہینہ بھر کے
(iv) سال بھر کے

**د۔ عیدُالفطر کب منائی جاتی ہے؟**

(i) یکم شعبان
(ii) یکم رمضان
(iii) دس ذوالحج
✔ (iv) یکم شوال

**ہ۔ عیدُالاضحیٰ کن کی قربانی کی یاد میں منائی جاتی ہے؟**

(i) حضرت آدمؑ
(ii) حضرت نوحؑ
✔ (iii) حضرت ابراہیمؑ
(iv) حضرت عیسیٰؑ

{______________}

3۔ **خالی جگہ پُر کریں۔**

(i) نمازِ جمعہ کو بغیر **شرعی عُذر** کے ترک نہیں کیا جا سکتا۔

(ii) رسول کریمؐ نے **جمعہ** کے دن کو افضل دن قرار دیا ہے۔

(iii) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ عیدالفطر کے موقع پر **فطرانہ** ادا کریں۔

(iv) عیدالاضحیٰ **ذی الحج** کی دس تاریخ کو منائی جاتی ہے۔

(v) عیدالاضحیٰ کے موقع پر **جانوروں** کی قربانی پیش کی جاتی ہے۔

{______________}

4۔ **کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملائیں۔**

| **کالم الف** | **کالم ب** |
|---|---|
| جمعہ کا دن ہفتے کے تمام دنوں میں سب سے | وہیں بیٹھ جانا چاہیے۔ |
| مسجد میں جہاں جگہ ملے | زیادہ فضیلت والا دن ہے۔ |
| عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیمؑ کی | عظیم قربانی کی یاد میں منائی جاتی ہے۔ |
| عیدالفطر رمضان کے روزے مکمل ہونے کی خوشی میں | مصافحہ کرتے ہیں اور گلے ملتے ہیں۔ |
| نمازِ عید کے بعد سارے مسلمان ایک دوسرے سے | یکم شوال کو منائی جاتی ہے۔ |

{______________}

# باب سوئم

# سیرت طیبہ

## 1۔ مؤاخات

**2۔ درست جواب پر ( ✔ ) کا نشان لگائیں**

**ا۔ مسلمانوں نے کن کے ظلم سے تنگ آ کر ہجرت کی۔**

✔ (i) کفار مکہ کے　　(ii) اہل طائف کے

(iii) اہل حبشہ کے　　(iv) یہودیوں کے

**ب۔ انصار کا کیا مطلب ہے؟**

(i) بھائی چارہ　　(ii) ہجرت کرنے والے

✔ (iii) مدد کرنے والے　　(iv) عبادت کرنے والے

**ج۔ مؤاخات کس زبان کا لفظ ہے؟**

(i) پنجابی　　(ii) فارسی

✔ (iii) عربی　　(iv) پشتو

**د۔ مہاجرین کس پیشہ سے منسلک تھے؟**

(i) کاشت کاری　　✔ (ii) تجارت

(iii) صنعت وحرفت سے　　(iv) ملازمت

**ہ۔ اہل مدینہ کا پیشہ کیا تھا؟**

(i) تجارت　　(ii) گلہ بانی

✔ (iii) کاشت کاری　　(iv) صنعت کاری

{________________}

**3۔ خالی جگہ پُر کریں۔**

(i) رسول اللہؐ نے مہاجرین اور **انصار** کے درمیان رشتہ مؤاخات قائم کیا۔

(ii) رسول اللہؐ نے مہاجرین اور انصار کو **انس بن مالک** کے مکان میں جمع کیا۔

(iii) مؤاخات کی وجہ سے **مدینہ منورہ** میں اسلامی معاشرہ قائم ہوا۔

(iv) رسول اللہؐ نے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کو **حضرت سعدؓ** کی دینی بھائی بنایا۔

(v) مؤاخاتِ مدینہ کی بدولت **مہاجرین** کی پریشانیوں کا خاتمہ ہوگیا۔

{________________}

4۔ کالم "الف" کو کالم "ب" سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| مؤاخات عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب | اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو انصار کا خطاب فرمایا۔ |
| تاریخ میں یہ رشتہ اخوت | بھائی چارہ ہے۔ |
| مدینہ منورہ کے وہ مسلمان جنھوں نے مکہ مکرمہ سے آنے والے مسلمانوں کی مدد کی۔ | مؤاخات مدینہ کے نام سے مشہور ہے |
| رسول اللہ ﷺ نے مہاجرین اور انصار کو حضرت انس بن مالک ؓ کے | اپنی ضرورت پر ترجیح دینا۔ |
| ایثار کا مطلب ہے دوسروں کی ضرورت کو | مکان میں جمع کیا۔ |

{____________________}

# روزے کا تعارف اور اہمیت

**2۔ درست جواب پر ( ✔ ) کا نشان لگائیں**

**ا۔ روزہ رکھنے سے دوسروں کے ساتھ کس طرح کا جذبہ اُجاگر ہوتا ہے؟**

✔ (i) ہمدردی کا　(ii) دُشمنی کا

(iii) حقارت کا　(iv) حسد کا

**ب۔ صوم کے لفظی معنی کیا ہیں؟**

(i) برداشت کرنا　✔ (ii) رُک جانا

(iii) صبر کرنا　(iv) انتظار کرنا

**ج۔ اللہ تعالیٰ نے کس عبادت کو ہر الہامی مذہب میں فرض قرار دیا ہے۔**

(i) صدقہ وخیرات　(ii) حج

(iii) زکوۃ　✔ (iv) روزہ

**د۔ اللہ تعالیٰ نے کس مہینے میں قرآن مجید نازل کیا؟**

(i) محرم　(ii) ربیع الاول

✔ (iii) رمضان　(iv) رجب

**ہ۔ لیلۃ القدر میں عبادت کا ثواب کتنے مہینے کی عبادت سے بھی زیادہ ہے۔**

(i) ایک سو　✔ (ii) ایک ہزار

(iii) پانچ ہزار　(iv) دس ہزار

{________________}

**3۔ خالی جگہ پُر کریں۔**

(i) روزے کو عربی میں صوم کہتے ہیں۔

(ii) اللہ تعالیٰ روزے دار کے پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے۔

(iii) رمضان المبارک میں لوگ کثرت سے مساجد کا رُخ کرتے ہیں۔

(iv) روزہ رکھنے سے انسان کی صحت بہتر ہو جاتی ہے اور وہ کئی بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔

(v) روزہ گناہوں سے بچنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

{________________}

4۔ کالم" الف " کو کالم" ب" سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| مؤاخات عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب | اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو انصار کا خطاب فرمایا۔ |
| تاریخ میں یہ رشتہ اخوت | بھائی چارہ ہے۔ |
| مدینہ منورہ کے وہ مسلمان جنہوں نے مکہ مکرمہ سے آنے والے مسلمانوں کی مدد کی۔ | مؤاخات مدینہ کے نام سے مشہور ہے |
| رسول اللہ ؐ نے مہاجرین اور انصار کو حضرت انس بن مالک ؓ کے | اپنی ضرورت پر ترجیح دینا۔ |
| ایثار کا مطلب ہے دوسروں کی ضرورت کو | مکان میں جمع کیا۔ |

{________________________}

# اسلامیات

فرسٹ ٹرم نوٹس

(معروضی)

(فرسٹ ٹرم نوٹس)

کلاس پنجم

ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج قصور

Prepared By:.


حافظ محمد رمضان اظہر

(ٹیچر اسلامیات بوائز ونگ)

ایم۔اے بی ایڈ


(نظر ثانی)


حافظ عبدالرؤف H.O.D

ٹیچر اسلامیات بوائز ونگ

(ایم۔اے بی ایڈ)

باب دوئم:

# ایمانیات
# اور
# عبادات

# {دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔}

**مختصر جوابات:۔**

**س۔ حضرت اسرافیل علیہ اسلام کے صور پھونکنے سے کیا ہوگا؟**

ج۔ حضرت اسرافیل علیہ اسلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے صور پھونکیں گے جس سے یہ دُنیا اور تمام مخلوق ختم ہوجائے گی۔ پہاڑ روئی کے گالوں کی طرح اُڑیں گے اس روز سورج چاند اور ستارے سب بے نور ہوجائیں گے۔

**س۔ " کراماً کاتبین " کیا کام کرتے ہیں؟**

ج۔ انسان کے اعمال کو لکھنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے دو معزز فرشتے مقرر کیے ہوئے ہیں جنہیں " کراماً کاتبین " کہا جاتا ہے۔ یہ فرشتے انسان کی نیکیاں اور بُرائیاں اعمال نامے میں درج کرتے رہتے ہیں۔

**س۔ دُنیاوی زندگی کا کیا مقصد ہے؟**

ج۔ اللہ تعالیٰ نے دُنیا کی زندگی آخرت کی زندگی کی تیاری کے لیے بنائی ہے دُنیا کی زندگی عارضی ہے اور آخرت کی زندگی ہمیشہ کے لیے ہے آخرت کی کامیابی کا انحصار دُنیا میں کئے گئے اعمال پر ہے۔

جیسا کہ مشہور ہے:۔

## الدنیامزرعة الاخرة

دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

**س۔ قیامت کے روز اعمال ناموں کے ساتھ کیا کیا جائے گا؟**

ج۔ قیامت کے دن جب انسان اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہوں گے توان کے ہاتھوں میں اپنے اعمال نامے بھی ہوں گے انسان کے اعمال کا وزن کیا جائے گا۔ترازو کے ایک پلڑے میں نیکیاں اور دوسرے میں بُرائیاں رکھی جائیں گی۔جس انسان کی نیکیوں کا وزن زیادہ ہوگا وہ کامیاب ہوجائے گا اور اسے جنت میں داخل کیا جائے گا۔ جہاں نعمتیں ہی نعمتیں ہیں جس انسان کی برائیوں کا وزن زیادہ ہوگا اسے دوزخ میں ڈال دیا جائے گا جو انتہائی تکلیف دہ جگہ ہے۔

**س۔ ہمیں دُنیاوی زندگی کس طرح بسر کرنی چاہیے؟**

ج۔ ہمیں چاہیے کہ دُنیا کی زندگی میں زیادہ سے زیادہ نیک اعمال کریں۔ اپنے وقت کو اچھے اچھے کاموں میں صرف کریں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول حضرت محمد ﷺ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق زندگی بسر کریں۔ اس طرح ہم آخرت کی سعادت اور کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

# {سُنت نبویؐ کی اہمیت}

**س۔ سُنت نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کیا مراد ہے؟**

ج۔ سُنت نبوی کے لفظی معنی راستہ اور طریقہ کے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اعمال اور افعال کو سُنت کہتے ہیں۔

**س۔ نماز کے حوالے سے سُنت نبویؐ کی کیا اہمیت ہے؟**

ج۔ ارکان اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت نماز کی ہے۔ قرآن مجید میں نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے مگر قرآن مجید میں نماز ادا کرنے کا طریقہ اور اِس کے اوقات کا وضاحت موجود نہیں ہے اس سلسلے میں ہمیں سُنت نبوی سے مکمل راہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو۔

**س۔ حج کے طریقے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا کیا فرمان ہے۔؟**

ج۔ حج کی ادائیگی کی تفصیل ہمیں سُنت نبوی سے ملتی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ سلم نے فرمایا کہ

**(ترجمہ)۔** (حج کے طریقے اور مناسک مجھ سے اچھی طرح سے سیکھ لو)

**س۔ اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اہمیت بیان کریں؟**

ج۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زندگی ہمارے لیے بطور نمونہ موجود ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو کام کرنے کا حکم دیا اس پر عمل کر کے بھی دکھایا۔ انسانیت کی تاریخ میں یہ مقام و مرتبہ صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو حاصل ہے کہ اِن کی زندگی کے ایک ایک لمحے کی تفصیل موجود ہے۔ جس سے قیامت تک آنے والے تمام مسلمان راہنمائی حاصل کرتے رہیں گے۔

**س۔ سُنت نبوی کے حوالے سے قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ تحریر کریں؟**

ج۔ اللہ تعالٰی کا ارشاد ہے:۔

ترجمہ:۔ (یقیناً تمہارے لیے اللہ کے رسولؐ کی زندگی میں عمدہ نمونہ ہے)

(سورۃ الاحزاب 33-21)

# {جمعہ وعیدین۔تعارف اور معاشرتی اہمیت}

## (جمعہ)

**س۔ اجتماعی عبادات کا کیا مقصد ہے؟**

ج۔ اسلام میں اجتماعی عبادات کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔اجتماعی عبادات کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان آپس میں مل جُل کر رہیں۔انہیں ایک دوسرے کے مسائل کا علم ہو سکے۔ باہمی تعلق خوشگوار رہو آپس میں ہمدردی اور محبت پیدا ہو۔

**س۔ نماز جمعہ کا تعارف لکھیے؟**

ج۔ جمعہ کی نماز مسلمانوں پر فرض ہے۔نماز جمعہ شرعی عُذر کے بغیر ترک نہیں کی جا سکتی۔نماز جمعہ ظہر کے وقت با جماعت ادا کی جاتی ہے۔نماز جمعہ میں دو اذانیں دی جاتی ہیں۔دوسری آذان کے بعد امام دو خطبے پڑھتا ہے۔خُطبے کے بعد دو رکعت نماز جمعہ ادا کی جاتی ہے۔

**س۔ نماز جمعہ کے چند آداب بیان کریں؟**

ج۔ ا۔نماز جمعہ کے لئے نہا کر،صاف کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر مسجد میں جانا چاہیے۔

۲۔نماز جمعہ کے لئے مسجد میں جلدی جانا چاہئے کیونکہ جو شخص سب سے پہلے مسجد میں نماز جمعہ کے لئے جاتا ہے۔اسے اونٹ کی قربانی کے برابر ثواب ملتا ہے۔

۳۔مسجد میں جہاں جگہ ملے وہیں بیٹھ جانا چاہیے۔

۴۔نماز جمعہ سے قبل امام خطبہ دیتا ہے۔اس خطبہ کو توجہ اور خاموشی سے سُننا ضروری ہے۔

**س۔ عیدین کی معاشرتی اہمیت تحریر کریں؟**

ج۔ نماز عید کے بعد سارے مسلمان ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے اور گلے ملتے ہیں۔ ہر قسم کی نفرتوں اور رنجشوں کو ختم کر دیتے ہیں اس عمل سے مسلم معاشرے میں محبت اور الفت کا اظہار ہوتا ہے۔عید کی نماز کے لئے بڑے بڑے اجتماعات ہوتے ہیں تا کہ مسلمانوں کی قوت،اتفاق،اور اتحاد کی اظہار ہو۔مال دار لوگوں کو یہ ترغیب دی گئی ہے کہ وہ غریبوں اور محتاجوں کو فطرانہ اور قربانی کا گوشت دیں۔اس طرح امی،غریب سب خوشیوں میں شریک ہو کر اخوت اور بھائی چارے کی عمدہ مثال پیش کرتے ہیں۔

**س۔ عیدین کے چند آداب لکھیں؟**

ج۔ ا۔عید کی نماز کے لئے نہا دھو کر صاف اور نئے کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا سُنت نبویؐ ہے۔

۲۔عیدین کی نمازوں کے لئے جاتے ارو آتے وقت یہ تکبیریں پڑھی جاتی ہیں۔

"ترجمہ" اللہ سب سے بڑا ہے۔اللہ سب سے بڑا ہے۔اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔اللہ سب سے بڑا ہے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

۳۔عید گاہ کی طرف جاتے اور واپسی کے لئے الگ الگ راستے اختیار کیے جاتے ہیں۔

۴۔عیدین کی نماز میں دو رکعتیں ہوتی ہیں اور اس میں عام نماز سے کچھ زائد تکبیریں ادا کی جاتی ہیں۔

۵۔عیدین کی نماز کے بعد امام خطبہ دیتا ہے جس میں اسلامی اخوت،ہمدردی اور قربانی کا درس ہوتا ہے۔نیکی اور خوفِ خدا کی تلقین کی جاتی ہے۔خطبہ کو خوموشی اور توجہ سے سُننا ضروری ہے۔

۶۔خطبہ کے بعد مسلمان اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے لئے اور پوری امتِ مسلمہ کے لئے دُعائیں کرتے ہیں۔

# {روزے کا تعارف اور اہمیت}

**س۔ روزے کا مفہوم تحریر کریں؟**

ج۔ روزے کو عربی میں "صوم" کہتے ہیں۔جس کے لفظی معنی ہیں رُک جانا،ٹھہر جانا،خاموش رہنا وغیرہ،اسلام میں روزے سے مراد اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا حاصل کرنے کے لیے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے اور دیگر خواہشات سے رُکے رہنا ہے۔

**س۔ روزے کی فرضیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟**

ج۔ روزے کی فرضیت کے بارے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

ترجمہ۔مومنو!تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے ہیں تا کہ تم پرہیز گار بنو۔

**س۔ روزے کی معاشرتی اہمیت تحریر کریں؟**

ج۔ انسان روزے کی حالت میں سارا دِن بھوکا پیاسا رہتا ہے۔اس لئے روزہ رکھنے کی وجہ سے انسان کے دِل میں دوسروں کی بھوک اور پیاس کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ غریبوں،محتاجوں،اور مالی طور پر کمزور لوگوں کے ساتھ ہمدردی،ایثار اور محبت پیدا ہوتی ہے۔روزہ کی وجہ سے معاشرہ کے افراد میں قوتِ برداشت،وقت کی پابندی،غیبت سے اجتناب اور پرہیز گاری کے اوصاف پیدا ہوتے ہیں۔ماہِ رمضان المبارک میں مسلمانوں کثرت سے مساجد کا رُخ کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے معاشرتی مسائل سے آگاہ ہر کر اِن کا حل تلاش کرتے ہیں۔

**س۔ روزے کے فضائل مختصراً بیان کریں؟**

ج۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا

''اور یہ (ماہِ رمضان) صبر کا مہینا ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے اور یہ غمگساری کا مہینا ہے اور اس مہینہ میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے جو آدمی اس ماہ میں روزہ دار کا روزہ افطار کروائے تو وہ اس کے گناہوں کی بخشش کا سبب ہوگا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

''روزہ خاص میرے لئے ہے اور میں خود اس کا اجر دوں گا۔''

(صحیح بخاری حدیث نمبر 7492)

نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے فرمان کے مطابق روزہ دار کی دُعا اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے۔

**س۔ روزے کے فوائد تحریر کریں؟**

ج۔ روزہ دار چھوٹی بڑی برائیوں سے بچا رہتا ہے۔

سارا دِن بھوکا پیاسا رہنے سے روزہ دار کو غریب اور نادار لوگوں کی بھوک کا احساس ہوتا ہے۔

ایک دوسرے سے ہمدردی کا جذبہ اُجاگر ہوتا ہے۔

روزہ رکھنے سے انسان کی صحت بہتر ہو جاتی ہے اور وہ کئی بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔

اللہ تعالیٰ روزہ دار کے پچھلے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

ماہِ رمضان میں عبادت کرنے کا اجر کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔

روزہ گناہوں سے بچنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

{________________}

باب سوم:

# سیرت طیبہ

## (ہجرت مدینہ سے غزوہ خندق تک)

# {مؤاخات}

**س۔ مؤاخات سے کیا مراد ہے؟**

ج۔ مؤاخات عربی زبان کا لفظ ہے جسکا مطلب ہے بھائی چارہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ہجرت مدینہ کے بعد مہاجرین اور انصار کے درمیان مؤاخات کا رشتہ قائم کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کو آپس میں بھائی بھائی بنا دیا تاریخ میں یہ رشتہ ءاخوت ''مؤاخاتِ مدینہ'' کے نام سے مشہور ہے۔

**س۔ انصار سے کون لوگ مراد ہیں؟**

ج۔ مدینہ منورہ کے مسلمانوں نے مہاجرین کی بھرپور مدد کی۔ اللہ تعالیٰ نے اِن لوگوں کو ''انصار'' کا خطاب عطا فرمایا ہے۔

**س۔ مہاجرین سے مراد کون لوگ ہیں؟**

ج۔ مہاجرین سے مراد مکہ مکرمہ کے وہ مسلمان ہیں۔ جنھوں نے کفار مکہ کے ظلم سے تنگ آ کر مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر ہجرت کی۔

**س۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جمع کر کے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟**

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے انصار اور مہاجرین کے درمیان مؤاخات قائم کرنے کے لئے اُنہیں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان پر جمع کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے انصار اور مہاجرین کو مخاطب کر کے فرمایا ''تم لوگ آپس مُں بھائی بھائی ہو۔ اس لئے میں ایک ایک انصاری اروایک ایک مہاجر کے درمیان مؤاخات اور بھائی چارے کا رشتہ قائم کئے دیتا ہوں۔

**س۔ انصار کا ایثار بیان کریں؟**

ج۔ انصار نے مہاجرین کی تمام ضروریات پوری کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ وہ خود تکلیف برداشت کر لیتے مگر مہاجرین کے آرام کا پورہ خیال رکھتے۔ اہل مدینہ کا پیشہ کاشتکاری تھا اور مہاجرین تجارت کے پیشہ سے منسلک تھے۔ یہ کھیتی باڑی کرنا نہیں جانتے تھے۔ انصارِ مدینہ کو اپنی پیداوار میں سے باقاعدہ حصہ دیتے رہے۔ انصار مدینہ کے ایثار کی مثالیں سنہری حروف مُں لکھنے کے قابل ہیں۔

# اسلامیات

## ہوم ٹاسک فرسٹ ٹرم

## (2020-21)

## کلاس پنجم

## ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ
## کالج قصور

# {دنیا آخرت کی کھیتی ہے}

سرگرمی:۔

دُنیا آخرت کی کھیتی ہے اس مشہور قوم کو مدنظر رکھتے ہوئے طلبہ ایک پیرا گراف تحریر کریں اور بلند آواز میں اپنے گھر والوں کے سامنے پڑھیں۔

{______________}

سرگرمی:۔ سُنت نبوی کی اہمیت:۔

نماز کے حوالے سے سُنت نبوی کی کیا اہمیت ہے طلبہ اپنی کاپی پر لکھیں اور پانچ وقت کی نماز روزانہ ادا کریں۔

{______________}

# {جمعہ وعیدین}

سرگرمی:۔

طلبہ جمعہ کی آذان سے لے کر نمازِ جمعہ کی ادائیگی تک کے حالات اپنی کاپی میں لکھیں۔

آپ عیدین کیسے گزارتے ہیں اپنی کاپی پر لکھیں

{______________}

# {روزے کا تعارف اور اہمیت}

سرگرمی:۔

روزے کی معاشرتی کیا اہمیت ہے روزے رکھ کر آپ کے دل میں کیا احساس پیدا ہوتا ہے اس کو اپنی نوٹ بک پر تحریر کریں:۔

{______________}

# {مؤاخات}

سرگرمی:۔

طلبہ انصارِ مدینہ کے ایثار کی چند مثالیں لکھیں اور اُن انصار اور مہاجرین کی فہرست بنائیں جن کے درمیان رشتہ مؤاخات قائم ہوا

{______________}

# {کرونا وائرس}

سرگرمی:۔

طلبہ مندرجہ ذیل آیات صبح شام تین بار پڑھیں۔

**بسم اللہ الذی لا یضر مع السمہ شی فی الارض ولا فی اسماء وھو السمیع العلیم**